# نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731,99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment Twitter:@agri_department

## پریس ریلیز

**<u>صوبائی وزیر زراعت،توانائی وانڈسٹری ایس ایم تنویر سے کسان تنظیموں کے وفد کی زراعت ہاؤس میں ملاقات، کسانوں کو درپیش مسائل پر بات چیت</u>**

**<u>زرعی شعبے میں جلد اربوں ڈالر کی نئی سرمایہ کاری آرہی ہے، زرعی شعبے کو ترقی دے کر ملک کو معاشی بحران سے نکالا جا سکتا ہے</u>**

**<u>کسان خوشحال ہوگا تو پاکستان بھی ترقی کرے گا، پنجاب کی نگران حکومت کسانوں کے مفادات کا ہر قیمت پر تحفظ کرے گی۔صوبائی وزیر زراعت ایس ایم تنویر</u>**

**<u>فصلوں کے بیج بنانے والے اداروں کو بااختیار بنانے کیلئے اقدامات کئے جا رہے ہیں۔سیکرٹری زراعت نادر چٹھہ</u>**

**لاہور 27 نومبر 2023:** صوبائی وزیر زراعت وصنعت وتجارت ایس ایم تنویر سے آل پاکستان کسان اتحاد کے وفد نے زراعت ہاؤس میں ملاقات کی۔وفد نے کھادوں کی بلیک مارکیٹنگ، بیجوں کی عدم دستیابی، آڑھتی کے کمیشن، کسانوں کو محنت کے معاوضے کی عدم فراہمی اور دیگر مسائل سے آگاہ کیا۔

اس موقع پر صوبائی وزیر زراعت وصنعت وتجارت ایس ایم تنویر نے کہا کہ زراعت کا شعبہ قومی معیشت میں کلیدی حیثیت رکھتا ہے۔زرعی شعبے کو ترقی دے کر ملک کو معاشی بحران سے نکالا جا سکتا ہے۔بدقسمتی سے زرعی ملک ہونے کے باوجود ہر سال پانچ ارب ڈالر کا خوردنی تیل درآمد کیا جا رہا ہے۔وقت آگیا ہے کہ ملک میں تیل دار اجناس کی کاشت بڑھائی جائے۔ایس ایم تنویر نے کہا کہ پنجاب حکومت نے زرعی سیکٹر کو اپنی اولین ترجیح بنایا ہے۔زرعی شعبے میں جلد اربوں ڈالر کی نئی سرمایہ کاری آرہی ہے۔کھادوں کی بلیک مارکیٹنگ کے خاتمے اور نہری پانی چوری کی روک تھام کیلئے کریک ڈاؤن مزید تیز کیا جائے گا۔کپاس کی مقررہ قیمت پر خریداری کے حوالے سے پنجاب حکومت نے وفاقی حکومت کے سامنے بھرپور آواز اٹھائی ہے۔صوبائی وزیر زراعت وصنعت وتجارت ایس ایم تنویر نے کہا کہ گندم کی فی ایکڑ پیداوار اور زیر کاشت رقبہ بڑھانے کیلئے مؤثر اقدامات کئے جا رہے ہیں۔آئندہ کسی صورت کسانوں سے زبردستی گندم نہیں خریدی جائے گی۔زرعی شعبے میں سبسڈیز کے چکر میں پڑنے کی بجائے فی ایکڑ پیداوار بڑھانے پر توجہ دینا ہوگی۔ایس ایم تنویر نے کہا کہ کسان خوشحال ہوگا تو پاکستان بھی ترقی کرے گا۔پنجاب کی نگران حکومت کسانوں کے مفادات کا ہر قیمت پر تحفظ کرے گی۔سیکرٹری زراعت نادر چٹھہ نے کہا کہ کھادوں کی بلیک مارکیٹنگ کی روک تھام کیلئے سخت کریک ڈاؤن کیا گیا ہے۔محکمہ زراعت کو بھی ہاؤسنگ سوسائٹیوں کی منظوری کے فورم میں نمائندگی دی گئی ہے۔ٹیوب ویلوں کے بجلی کے نرخوں اور دیگر امور کے حوالے سے وفاقی حکومت سے بات چیت کی جائے گی۔سیکرٹری زراعت نادر چٹھہ نے کہا کہ سیڈ کے اداروں کو خودمختار بنانے کیلئے اقدامات کئے جا رہے ہیں۔آڑھتی کے نظام کو تبدیل کرنے کیلئے سٹیک ہولڈرز اپنی تجاویز دیں۔وفد میں رانا ایم ظفر، ظفر اقبال لک، چوہدری محمد یعقوب، محمد اظہر اور دیگر شامل تھے۔ڈی جی ایکسٹینشن، ڈی ایم ڈی پنجاب سیڈ کارپوریشن اور محکمہ زراعت کے متعلقہ افسران بھی ملاقات میں موجود تھے۔

☆☆☆☆